پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

جماعت۔ ہفتم	مضمون۔ اُردو لازمی	کتاب کا نام۔ سورج مکھی
نظم کا نام۔ قصہ یوسف علیہ السلام	صفحہ نمبر۔ 8 تا 14	پہلی سہ ماہی

یونٹ نمبر 2

نوٹ: سبق کی پڑھائی کریں اور مشکل الفاظ کے معانی لغت سے تلاش کریں۔

مشقی سوالات کا حل

ذخیرہ الفاظ **مشکل الفاظ کے معانی درج ذیل ہیں۔**

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تعظیم	عزت	خیر خواہ	بھلائی چاہنے والا
اصرار	بار بار کہنا	خدشہ	ڈر / خوف
چراگاہ	چرنے کے جگہ	ناکردہ	جو کام نہ کیا ہو
حسد	جلنا / کڑھنا	مامور	مقرر
حسن انتظام	اچھا انتظام / عمدہ انتظام	خوشے	اناج کی بالیاں

سوال نمبر 2۔ طالب علم کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات سبق کی پڑھائی کرنے کے بعد کتاب پر خود حل کریں گے۔

سوال نمبر 3۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

1۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے بارہ سال کی عمر میں کیا خواب دیکھا؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ گیارہ ستارے چاند اور سورج سب ان کے سامنے جھکے ہوئے ہیں۔

2۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی ان سے کیوں حسد کرتے تھے؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی اس لیے ان سے حسد کرتے تھے کیوں کہ ان کے والد حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کی پیاری عادات کی وجہ سے ان سے بہت محبت کرتے تھے اور بھائیوں کو یہ بات پسند نہ تھی۔

3۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان کے خلاف کیا سازش کی؟

جواب: انھوں نے منصوبہ بنایا کہ وہ یوسف علیہ السلام کو کنویں میں پھینک دیں گے۔

4۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو چراگاہ لے جا کر ان کے بھائیوں نے ان کے ساتھ کیا کیا؟

جواب: روایت ہے کہ بھائیوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو چراگاہ کے قریب لے جا کر مارا، گھسیٹا، ان کی قمیض اتاری اور کنویں میں پھینک دیا۔

5۔ عزیزِ مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کو گھر لے جا کر اپنی بیوی زلیخا سے کیا کہا؟

جواب: عزیزِ مصر نے اپنی بیوی زلیخا سے کہا کہ "اس کا خیال رکھنا، غلاموں کی طرح برتاؤنہ کرنا شاید یہ ہمارے کام آئے یا ہم اسے بیٹا بنالیں"۔

6۔ عزیزِ مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کو قید میں کیوں ڈلوا دیا؟

جواب: عزیزِ مصر کی بیوی نے ان پر ایک جھوٹا الزام لگا دیا جس کے نتیجے میں عزیزِ مصر نے انھیں قید میں ڈلوا دیا۔

7۔ حضرت یوسف کے دو قیدی ساتھی جیل سے باہر کیا کرتے تھے؟

جواب: دونوں قیدی پہلے بادشاہ کے دربار میں کام کرتے تھے ان میں سے ایک مشروب پلانے کا کام کرتا تھا اور دوسرا نان بائی تھا۔

8۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک قیدی کو جیل سے رہا ہونے پر کیا کرنے کی تاکید کی؟

جواب: ایک قیدی جو مشروب پلاتا تھا جب رہا ہوا تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اس سے کہا "جب تم دربار میں جاؤ تو میرا ذکر ضرور کرنا"

9۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے بادشاہ کے کہنے پر کون سی ذمہ داری قبول کی؟

جواب: انھوں نے اپنے لیے خزانے کے انتظام کی ذمہ داری منتخب کی اور فرمایا کہ میں یہ کام بہتر طریقے سے انجام دے سکتا ہوں۔

10۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کو دوسرا صدمہ کون سا پہنچا؟

جواب: جب سوتیلے بھائی بن یامین کے بغیر ہی گھر لوٹے تو حضرت یعقوب کے لیے یہ دوسرا صدمہ ناقابل برداشت تھا۔

11۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی اپنے کنبے سے کتنے سال جدائی رہی؟

جواب۔ چالیس سال

12۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کیسے واپس آئی؟

جواب: انھوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کے کرتے کو آنکھوں سے لگایا تو ان کی بینائی واپس آ گئی۔

سوال نمبر 4۔ الفاظ کو جملوں کو استعمال کریں۔

الفاظ	جملے
بہکاوا	اسلم کے بہکاوے میں آکر میں نے اپنے دوست کو نقصان پہنچایا
سازش	پاکستان نے دشمن ملک کی سازش کا بھرپور جواب دیا
خدشہ	مجھے خدشہ کہ یہ دیوار گر نہ جائے
برتاؤ	نوکر کے ساتھ تمھارا برتاؤ اچھا نہیں ہے

سوال نمبر 9۔ طالب علم واوین (" ") سوالیہ نشان (؟) سکتہ (،) اور علامت تعجب (!) کا ایک ایک جملہ صفحہ نمبر 14 پر دیئے گئے کالم پر خود لکھیں گے۔

گھر کا کام۔ سوال نمبر 2 اور سوال نمبر 9

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

جماعت۔ ہفتم	مضمون۔ اردو لازمی	کتاب کا نام۔ سورج مکھی
سبق کا نام۔ قصہ یوسف علیہ السلام	صفحہ نمبر۔ 8 تا 14	پہلی سہ ماہی

سبق کا نام قصہ یوسف علیہ السلام متفرق سرگرمیاں

سرگرمی نمبر 1

درج ذیل تخلیقی سوالات کے جوابات لکھیں۔

1۔ آپ کے خیال میں حسد کرنا کیسی عادت ہے؟

انسانی فطرت میں بہت سی مثبت اور منفی خصوصیات پائی جاتی ہیں آپ اپنی دو مثبت اور دو منفی خصوصیات لکھیں۔

سرگرمی نمبر 2 جملے بنائیے

الفاظ	جملے
خوشہ	
بینائی	
تکریم	